© rasailojaraid.com

کہ جب منہ بند ہو جاتا تو دوسرا لقمہ دے دیا کرتی تھی، اس ناکارہ کو التفات بھی نہ ہوتا تھا کہ کیا کھلایا، ایک دو سال بعد اس کو بھی بند کر دیا، اس زمانے میں بھوک تو خوب لگتی مگر حرج کا اثر بھوک پر غالب تھا۔" (ایضاً: ۲۸۴)

مولانا روح اللہ نقشبندی صاحب اپنی کتاب "مطالعہ کی اہمیت" میں لکھتے ہیں:

"ابو معشر منجم (متوفی: ۲۷۲ھ) کے مطالعہ کا یہ عالم تھا کہ آپ نے خراسان سے مکہ جاتے ہوئے بغداد کا ایک کتب خانہ "خزانۃ الحکمۃ" دیکھنے کا قصد کیا، مگر وہاں پہنچ کر مطالعہ میں اتنا محو ہو گئے کہ مکہ جانا ہی بھول گئے۔" (مطالعہ کی اہمیت، ص: ۳۰)

(حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے خاندان کا ایک قصہ ہے:...... صاحبزادے نے مطالبہ کرتے ہوئے پانی طلب کیا تو ابا جان نے سر پکڑ لیا اور فرمایا کہ افسوس! خاناں میں علم گیا۔ زوجہ)

محترمہ نے فرمایا کہ کیا ہوا؟ آپ اس قدر پریشان کیوں ہیں؟ فرمایا: "مطالعہ کرتے ہوئے پانی کا دھیان؟ یہ کتاب کیا دیکھتا ہوگا۔" تو بیوی نے کہا کہ بعض مرتبہ غیر شعوری طور پر زبان سے ایسے الفاظ نکل جاتے ہیں، آپ امتحان لیجئے، چنانچہ پانی کی جگہ کچھ اور دے دیا تو وہ اٹھا کر پی گئے، تب ابا جان کو اطمینان ہوا۔" (مطالعہ کی اہمیت، ص: ۳۰۱)

"حضرت مولانا عبدالحی رحمہ اللہ (فرنگی محلی) ایک روز کمرے میں مطالعہ کر رہے تھے کہ دوران مطالعہ پانی طلب کیا، ان کے والد مولانا عبدالحلیم صاحبؒ تشریف فرما تھے، ان کو فکر ہوئی کہ مطالعہ کے درمیان ذہن کسی اور طرف کیسے گیا؟ معلوم ہوتا ہے کہ یہ نہ پڑھے گا، حکم ہوا کہ پانی کے بجائے ارنڈی کا تیل جو وہاں رکھا تا، دے دیا جائے، مولانا نے گلاس منہ میں لگایا اور تیل پی گئے اور یہ احساس نہ ہوا کہ تیل ہے یا پانی، اس کے بعد پھر مطالعہ میں مشغول ہو گئے، اب والد کی فکر دور ہوئی اور کہا: "امید ہے کہ پڑھ لے گا۔" اس کے بعد دوا سے اس تیل کا اثر زائل کر دیا۔" (ایضاً: ۳۰۵)

"فلسفی اسلام علامہ ابن رشد (متوفی: ۵۹۵ھ) کو ایک شام ایک نئی کتاب ملی، اس کو سرسری دیکھنے کے لئے ایک چراغ کے سامنے کھڑے ہو گئے، کتاب میں کچھ ایسی محویت طاری ہوئی کہ چراغ کی خاموشی نے اختتام شب کی اطلاع دی، لیکن انہیں خبر نہ ہوئی۔ (ایضاً: ۲۹۰)

"اولئك آبائی فجئنی بمثلهم اذا جمعتنا یا جریر المجامع"

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ایسا ذوق مطالعہ اور انہماک واستغراق نصیب فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com